**عرضِ اوّل** بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# ابتدائی عربی گرامر خط و کتابت کورس کا اجرا

'قرآنِ حکیم کی فکری و عملی رہنمائی' کے عنوان سے مطالعۂ قرآنِ حکیم کے منتخب نصاب پر مشتمل ایک خط و کتابت کورس کا آغاز قریباً دو سال قبل ہوا تھا۔ علوم و معارفِ قرآن کی عمومی نشر و اشاعت کے ضمن میں مرکزی انجمن خدام القرآن کے تعلیمی و تدریسی پروگراموں/منصوبوں میں یہ خط و کتابت کورس بلاشبہ ایک منفرد مقام کا حامل ہے۔ الحمد للہ کہ یہ تجربہ بہت کامیاب اور مفید ثابت ہُوا۔

رفقاء و احباب کی جانب سے ادھر کچھ عرصے سے یہ تقاضا بھی شدت اختیار کر گیا تھا کہ اسی نہج پر ابتدائی عربی گرامر کی تعلیم کے لیے خط و کتابت کا اجرا ہونا چاہیے تاکہ وہ حضرات جو اپنی مختلف النوع مصروفیات کے باعث قرآن اکیڈمی کے ایک سالہ دینی نصاب کے لیے پورا وقت فارغ نہیں کر سکتے، گھر بیٹھے شام کے اوقات میں سے کچھ وقت نکال کر خط و کتابت کورس کے ذریعے ابتدائی عربی سیکھ سکیں اور اس طرح قرآن حکیم اور حدیثِ نبویؐ سے براہ راست استفادے کے لیے بنیادی اور ابتدائی سطح کی اہلیت حاصل کر سکیں ـــــ الحمد للہ کہ اس کورس کے اجراء میں حائل رکاوٹوں کو دُور کرتے ہوئے ابتدائی اسباق کا خاکہ اب مکمل کر لیا گیا ہے۔ کورس سے متعلق ضروری امور حسب ذیل ہیں:

- یہ کورس بنیادی طور پر انٹر پاس طلبہ کے لیے ترتیب دیا گیا ہے۔ تاہم انٹر کی سند نہ رکھنے والے کورس میں شرکت کے خواہشمند حضرات کو اُن کے ذاتی مطالعے اور مناسب قابلیت کی بنا پر داخلہ دیا جا سکتا ہے۔
- اس کورس کے حصہ اوّل میں منتخب کردہ ٹیکسٹ بک کی ۲۴ مشقوں کے علاوہ ۲۵ اضافی مشقیں بھی شامل ہیں جو طلبہ کو مرحلہ وار بھیجی جائیں گی اور جن کی تکمیل پر طالب علم کو سرٹیفکیٹ جاری کیا جائے گا۔
- اندرون پاکستان کورس کے حصہ اوّل کی فیس مع ڈاک خرچ -/۲۰۰ روپے طے کی گئی ہے جو دو اقساط میں وصول کی جائے گی۔ بوقت داخلہ طالب علم کو -/۱۰۰ روپے ادا کرنے ہوں گے۔

مزید تفصیلات کے لیے مرکزی انجمن کے دفتر یا قرآن کالج سے پراسپکٹس حاصل کیا جا سکتا ہے جس میں داخلہ فارم بھی شامل ہے۔ ہمیں یقین ہے کہ رفقاء و احباب اس کورس میں بھی پوری دلچسپی اور لگن سے حصہ لیں گے اور ابتدائی عربی گرامر سیکھنے کے اس بہترین موقع کو کسی صورت ہاتھ سے جانے نہ دیں گے!